ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

07-10-2021

**بہاول پور() تھانہ سول لائنز پولیس کی قمار بازوں کے خلاف کارروائی، متعدد گرفتار، داؤ پر لگی رقم برآمد، جواء کھیلنے والے اور اس میں ملوث افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، مستقبل میں بھی ایسے عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے ان کو سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جائے گا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کی معاشرتی جرائم کے خاتمے کی پالیسی کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ہدایت پر بہاول پور پولیس کی قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، تھانہ سول لائنز پولیس کی مخبر کی اطلاع پر قمار بازوں کے خلاف کارروائی، متعدد قمار بازوں کو گرفتار کرلیا۔ جن میں رئیس احمد، محمد فیاض، محمد ندیم، محمد عامر، حمید الدین، محمد عامر اور محمد بلال شامل ہیں، ان سے 07 ہزار روپے سے زائد داؤ پر لگی رقم کے ساتھ تاش کے پتے بھی برآمد کر لیے۔ تھانہ سول لائنز پولیس نے قمار بازوں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے پیغام میں کہا کہ جواء کھیلنے والے اور اس میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رہینگی۔

بہاول پور: تھانہ سول لائنز پولیس کی قمار بازوں کے خلاف کارروائی، متعدد ملزمان گرفتار، داؤ پر لگی رقم برآمد، مقدمہ درج۔

جام محمد ساجد
ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

07-10-2021

## بہاول پور() پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی ماہانہ کارکردگی رپورٹ ماہ ستمبر 2021ء،کل 57736 ایمرجنسی کال میں سے 36452 فیک کال موصول ہوئیں،ایوریج ریسپانس ٹائم کم ہوکر 07 منٹ رہا،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تاکہ ضرورت کے تابع کال کرنے والے شہریوں کو پولیس کی بروقت اورفوری امداد میسر اورسماج دشمن عناصر کوان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق انچارج پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور نے کہا کہ پکار 15 پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24 / 7 ایکٹیو ہے۔ستمبر کے مہینے میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 57736 کالز موصول ہوئیں جن میں 4618 کالز پر فوری امداد جبکہ 1906 کالز پرشہریوں کی رہنمائی کی گئی۔36452 جھوٹ پر مبنی کالز موصول ہوئیں۔بڑی تعداد میں جھوٹی کالز موصول ہونے کے باوجود ایوریج رسپانس ٹائم کم ہوکر 07 منٹ رہا۔ٹریفک کیسز سے متعلق 179 کالزموصول ہوئیں،جس پر لوگوں کی امداد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے ضلع پولیس کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کی طرف سے ایمرجنسی میں کی جانے والی کال پر فوری طور پر رسپانس کریں اوران کی جان ومال اورعزت وآبرو کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پر مبنی اورایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15 پر کال کریں،تاکہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اورفوری امداد میسر ہوسکے اورسماج دشمن عناصر کوان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس